THU.25.April.2024
VOLUME:19 NO: 107
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4

waraquetaza.com
www.facebook.com/waraquetazaonline
waraquetaza.com/E-paper


Established: May 1994 قائم شدہ: مئی

# ورقِ تازہ
ناندیڑ

RNI No. MAHURD/2006/16935
ناندیڑ اور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت

بروز جمعرات 25/اپریل 2024
جلد:19 شمار 107
15/شوال المکرم 1445ھ
قیمت 3=00 روپے
صفحات: 4

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED
Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in- waraquetazadaily@rediffmail.com
HON'RY EDITOR :Mohd.Taqui (M.A,B.Ed) اعزازی مدیر: محمد تقی (ایم۔اے،بی۔ایڈ)










## مہاراشٹر میں تقریر کے دوران مرکزی وزیر نتن گڈکری بیہوش ہوئے

ایوت محل: 24/اپریل (ایجنسیز) مرکزی وزیر نتن گڈکری آج مہاراشٹر کے یاوتمال میں تقریر کرتے ہوئے اچانک بیہوش ہوگئے۔ اس واقعہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی کے ساتھ وائرل ہو رہی ہے، جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ مائک کے سامنے کھڑے وہ اچانک لڑکھڑانے لگتے ہیں۔ ایسے میں وہاں قریب میں کھڑے لوگوں نے انھیں پکڑ لیا اور پھر وہاں موجود سیکورٹی گارڈس و دیگر لیڈران گڈکری کو اسٹیج کے پیچھے لے گئے۔ اس وقت وہاں موجود لوگوں میں افرا تفری کا ماحول پیدا ہوگیا، لیکن جلد ہی حالات قابو میں آ گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شگر کی سطح کم ہو جانے کی وجہ سے گڈکری کی طبیعت خراب ہوگئی اور انھیں چکر آنے لگا۔ حالانکہ اب ان کی طبیعت بہتر بتائی جا رہی ہے۔ بعد میں انھوں نے پھر سے اپنی تقریر شروع بھی کی اور اپنی انتخابی مہم کو آگے بڑھایا۔ گڈکری یاوتمال میں این ڈی اے امیدوار راج شری پاٹل کی حمایت میں انتخابی تشہیر کے لیے پہنچے تھے۔ قابل ذکر ہے کہ نتن گڈکری کی طبیعت پہلے بھی اس طرح خراب ہو چکی ہے۔ کچھ مواقع پر تقریب کے دوران شگر کی سطح کم ہونے کی وجہ سے وہ بیہوش ہوئے، لیکن اچھی بات یہ ہے کہ جلد ہی وہ ٹھیک بھی ہو گئے۔ تازہ معاملہ میں بھی چند منٹ کے بعد ہی وہ تقریر کے لیے تیار ہو گئے اور اپنی تقریر مکمل کی۔ بعد ازاں وہ ایک دوسری تقریب میں شرکت کے لیے روانہ ہو گئے۔ نتن گڈکری کے دفتر سے ملی جانکاری میں بھی بتایا گیا ہے کہ مرکزی وزیر اب پوری طرح سے ٹھیک ہیں۔ ساتھ ہی یہ بھی تصدیق کی گئی کہ وہ آج وردھا لوک سبھا سیٹ کے تحت ورود شہر میں ہونے والی تقریب میں شرکت کریں گے۔

## 'مودی-شاہ دکاندار ہیں اور اڈانی-امبانی خریدار'

### کانگریس صدر کھڑگے کا مودی حکومت پر سخت حملہ



نئی دہلی: 24/اپریل (ایجنسیز) کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے نے کرناٹک کے کلبرگی میں پی ایم مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ پر آج سخت ترین حملہ کیا۔ انہوں نے ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کئی دہائیوں قبل قائم کی گئی حکومت کی ملکیت والی فیکٹریوں کو مودی-شاہ امبانی-اڈانی کے ہاتھوں فروخت کر رہے ہیں۔ اپنے آبائی ضلع کلبرگی کے افضل پور میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کھڑگے نے کہا کہ مودی کہتے ہیں کہ گاندھی خاندان نے ملک کو لوٹا ہے۔ آپ وزیر اعظم ہیں، لوٹا ہوا پیسہ واپس دلائیں۔ انہوں نے مودی کو لوٹی گئی دولت گاندھی خاندان سے واپس لینے کا چیلنج پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس خاندان کا کوئی بھی فرد 1989 کے بعد وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ یا وزیر نہیں رہا۔ ایسے میں ان پر الزام عائد کرنا بے معنی ہو جاتا ہے۔ کانگریس کے قومی صدر نے کہا کہ مودی کہتے ہیں انہوں نے بڑے بڑے کام کیے ہیں۔ کیا کیا ہے آپ نے؟ سابق وزیر اعظم جواہر لال نہرو نے جو بڑے بڑے کارخانے قائم کیے تھے، آپ انہیں فروخت کر رہے ہیں اور کھا رہے ہیں۔ کھڑگے نے مزید کہا کہ اس ملک میں یہ ہو رہا ہے کہ دو دکاندار ہیں اور دو خریدار ہیں۔ دکاندار مودی-شاہ ہیں اور خریدار امبانی-اڈانی ہیں۔ کھڑگے نے دعویٰ کیا کہ مودی اور شاہ ملک کی عوام کے لیے نہیں بلکہ امبانی اور اڈانی کے لیے جی رہے ہیں۔ انہوں نے جلسے میں موجود لوگوں سے کہا کہ وہ (مودی اور شاہ) ان (امبانی اور اڈانی) کے لیے اقتدار چاہتے ہیں، آپ کے لیے نہیں۔

## 'بی جے پی جھوٹ پھیلاتی رہی لیکن راہل گاندھی نے عوام کے لیے لڑنا بند نہیں کیا'، کیرالہ میں پرینکا کا خطاب



وائناڈ/ونڈور: 24/اپریل (ایجنسیز) کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی آج کیرالہ میں انتخابی تشہیر کے دوران بی جے پی اور مرکز کی مودی حکومت پر زوردار انداز میں حملہ کرتی ہوئی دکھائی دیں۔ انھوں نے وائناڈ اور ونڈور میں جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ''ملک کی عوام مہنگائی، بے روزگاری، معاشی بحران اور بدعنوانی کے خلاف متحد ہے۔ اس بار دلتوں، قبائلیوں، پسماندہ طبقات، نوجوانوں، خواتین، غریبوں، مزدوروں اور عام لوگوں کی حکومت بنے گی۔ بی جے پی کی شکست یقینی ہے۔'' وائناڈ سے کانگریس امیدوار اور اپنے بھائی راہل گاندھی کی حمایت میں بدھ کے روز انتخابی مہم چلاتے ہوئے پرینکا گاندھی نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے ملک میں جمہوریت کو کمزور کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ پہلی بار انتخاب کے وقت دو موجودہ وزرائے اعلیٰ کو جیل بھیج دیا گیا ہے۔ مودی نے الیکٹورل بانڈ منصوبہ شروع کیا جس میں موجود بدعنوانی اب ظاہر ہو چکی ہے۔ سپریم کورٹ نے اس منصوبہ کو غیر قانونی بتایا اور عطیہ دہندگان کے نام ظاہر کرنے کا حکم صادر کر دیا۔ جب سبھی نام ظاہر ہو گئے تو پتہ چلا کہ بی جے پی کو عطیہ کرنے والی سبھی کمپنیوں کو حکومت نے فائدہ پہنچایا تھا۔ ملک میں حالت ایسی ہے کہ جمہوریت اور سبھی ادارے کمزور ہو گئے ہیں۔ آج بے روزگاری و مہنگائی سمیت دیگر عوامی مسائل پر کوئی گفتگو نہیں ہو رہی۔ عوام کے ساتھ سب سے بڑی ناانصافی یہ ہو رہی ہے کہ ان کے حقیقی ایشوز سے لگاتار توجہ بھٹکائی جا رہی ہے۔ خواتین کے ساتھ پیش آنے والے ظالمانہ واقعات کا تذکرہ کرتے ہوئے پرینکا گاندھی نے کہا کہ ''منی پور میں تشدد ہوا، خواتین کو پورے ملک کے سامنے برہنہ گھمایا گیا۔ ہاتھرس اور اناؤ میں خواتین کے ساتھ عصمت دری کی گئی اور انھیں نذرِ آتش کر دیا گیا۔ ملک کی اولمپک میڈل یافتگان خاتون کھلاڑیوں نے بتایا کہ ان کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی جا رہی تھی، اور وہ سڑکوں پر انصاف کے لیے بھیک مانگ رہی تھیں۔ لیکن وزیر اعظم نریندر مودی نے ان سے منہ موڑ لیا، چھیڑ چھاڑ کرنے والوں اور زانیوں کو بچایا گیا۔'' کیرالہ کے وزیر اعلیٰ پینارائی وجین کو ہدف تنقید بناتے ہوئے پرینکا گاندھی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ صرف میرے بھائی (راہل گاندھی) اور کانگریس پارٹی پر حملہ کرتے ہیں۔ وہ کبھی بھی بی جے پی کی تنقید نہیں کرتے۔ کیرالہ کی حکومت بی جے پی کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔ وزیر اعلیٰ کا نام کئی گھوٹالوں میں آیا، لیکن مودی حکومت نے ان کے خلاف کارروائی نہیں کی۔ ہر دوسرے اپوزیشن لیڈران پر حملہ کیا جاتا ہے، پریشان کیا جاتا ہے اور جیل میں ڈال دیا جاتا ہے، لیکن کیرالہ کے وزیر اعلیٰ کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوتی۔ کیرالہ بی جے پی صدر انتخاب کے دوران کروڑوں روپے کے ساتھ پکڑے گئے، ان کے خلاف بھی کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ راہل گاندھی کے ذریعہ عوامی مسائل لگاتار اٹھائے جانے اور ان کی جدوجہد کا تذکرہ کرتے ہوئے پرینکا گاندھی نے کہا کہ ''راہل گاندھی ہمیشہ عوام کے لیے لڑے ہیں۔ بی جے پی کے لوگ انھیں طرح طرح کے ناموں سے بلاتے ہیں، ہر دن انھیں گالیاں دیتے ہیں اور ان کے بارے میں جھوٹ پھیلانے والی ویڈیو مشتہر کرتے ہیں، لیکن راہل گاندھی نے عوام کے لیے لڑنا بند نہیں کیا۔'' وہ مزید کہتی ہیں کہ ''راہل گاندھی کی سیاست حقائق پر مبنی ہے، وہ سچ کی سیاست کرتے ہیں۔ راہل گاندھی کی کوششوں سے کئی منصوبے وائناڈ کے لیے شروع کیے گئے ہیں۔ راہل گاندھی نے عوام کے لیے جنگ لڑی اور حکومت کو عوام کے ذریعہ معاش کی حفاظت کرنے کے لیے مجبور کیا۔ راہل گاندھی پوری لگن کے ساتھ وائناڈ کی عوام کے لیے کام کرتے رہیں گے، جیسا کہ انھوں نے گزشتہ پانچ سالوں میں کیا ہے۔''

## انڈین ریلویز کی بڑی پیش قدمی

### جنرل کوچ میں سفر کرنے والوں کو 20 روپے میں ملے گا کھانا

نئی دہلی: 24/اپریل (ایجنسیز) انڈین ریلویز نے جنرل کوچ کے مسافروں کا خیال رکھتے ہوئے ایک بڑی پیش قدمی کی ہے۔ جنرل کوچ کے ریل مسافروں کو پلیٹ فارم پر کفایتی شرح پر کھانا دستیاب کرانے کی تیاری ہو چکی ہے جس کے تحت 20 روپے میں پوڑی اور سبزی دی جائے گی۔ اس کے علاوہ 50 روپے میں کھانے کا ایک پیکٹ بھی ہوگا جس میں چپاتی اور سبزی وغیرہ دی جائے گی۔ دراصل گرمی کی چھٹیوں میں ٹرینیں بھری جاتی ہیں اور اس بھیڑ کی وجہ سے لوگوں کا جنرل کوچ سے باہر نکلنا دشوار ہوتا ہے۔ ٹرین کے دو منٹ ٹھہراؤ کی وجہ سے غریب طبقہ کے مسافروں کو کئی بار بھوکے رہنا پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ریلوے نے کفایتی شرح پر کھانا دستیاب کرانے کی تیاری کر لی ہے۔ ایک ریلوے افسر کے مطابق آئی آر سی ٹی سی کے ساتھ مل کر ریلوے نے مسافروں، خصوصاً غیر ریزرو ڈبوں میں سفر کرنے والوں کی خدمت کے لیے یہ پیش قدمی کی ہے۔ افسر کا کہنا ہے کہ 100 اسٹیشنوں کے تقریباً 150 پلیٹ فارم پر کھانے کے کاؤنٹرس کھولے گئے ہیں اور اس سہولت کی آنے والے دنوں میں مزید توسیع کی جائے گی۔ قابل ذکر ہے کہ ریلوے نے جنرل کوچ کے مسافروں کو پینے کا پانی مہیا کرانے کا انتظام پہلے ہی کر دیا ہے، اور اب کھانے کا انتظام بھی ہو گیا ہے۔ ریلوے افسر کا کہنا ہے کہ اس بار ریکارڈ تعداد میں مسافر ٹرینوں میں سفر کر رہے ہیں۔ جنرل کوچ میں بھی مسافروں کی تعداد بڑھی ہے۔ ٹرین رکنے کے بعد جنرل کوچ کے مسافر ڈبے سے باہر نہیں نکل پاتے، اسی لیے ریلوے نے یہ خاص انتظام کیا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ گزشتہ سال تقریباً 51 اسٹیشنوں پر اس سروس کا کامیاب تجربہ کیا گیا تھا۔

## کوٹک مہندرا کے خلاف آر بی آئی کا سخت ایکشن

### آن لائن یا موبائل بینکنگ ایپ سے صارفین بنانے پر لگی پابندی

ممبئی: 24/اپریل (ایجنسیز) آر بی آئی نے کوٹک مہندرا بینک کے خلاف سخت قدم اٹھاتے ہوئے آن لائن یا موبائل بینکنگ ایپ کے ذریعہ نئے صارفین جوڑنے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ اس کے ساتھ ہی آر بی آئی نے بینک کے ذریعہ نئے کریڈٹ کارڈ جاری کرنے پر بھی روک لگا دی ہے۔ مرکزی بینک نے ایک پریس ریلیز جاری کر اس سلسلے میں جانکاری دی ہے اور بینک میں کئی خامیوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اپنی فکر کا اظہار کیا ہے۔ آر بی آئی نے بینکنگ ریگولیٹری ایکٹ 1949 کی دفعہ 35اے کے تحت یہ کارروائی کی ہے اور کوٹک مہندرا بینک کو فوری اثر سے نئے صارفین جوڑنے پر پابندی لگا دی ہے۔ حالانکہ بینک اپنے موجودہ صارفین کو سبھی طرح کی خدمات حسب سابق دینا جاری رکھے گا۔ اس میں موجودہ کریڈٹ کارڈ صارفین بھی شامل ہیں، جنھیں پہلے سے ملک رہی سہولیات ملتی رہیں گی۔ آر بی آئی کا کہنا ہے کہ مرکزی بینک کی قبل منظوری کے ساتھ بینک کے ذریعہ شروع کیے جانے والے ایک باہری آڈٹ کے مکمل ہونے کے بعد لگائی گئی پابندیوں کا تجزیہ کیا جائے گا اور آڈٹ میں بتائی گئی سبھی خامیوں کو دور کیا جائے گا۔ آر بی آئی کی جانب سے کہا گیا ہے کہ کوٹک مہندرا بینک پر یہ کارروائی 2022-23 کے لیے آئی ٹی اگزامنیشن کے دوران بینک میں کئی طرح کی خامیوں کو لے کر فکر کا اظہار کیا گیا تھا۔ کوٹک مہندرا بینک طے مدت میں ان فکروں کو حل کرنے میں ناکام ثابت ہوا ہے۔ آر بی آئی کا کہنا ہے کہ آئی ٹی رسک مینجمنٹ فریم ورک کی کمی میں بینک کے کور بینکنگ سسٹم اور اس کے آن لائن و ڈیجیٹل بینکنگ چینلز نے گزشتہ دو سالوں کی مدت میں کئی بار آؤٹیج دیکھنے کو ملا ہے، جس سے بینک صارفین کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ آر بی آئی کے مطابق کوٹک مہندرا بینک جیسے اپنی آئی ٹی ایونٹری کو مینیج کرتا ہے اور ڈاٹا سیکورٹی کا اس کا جو طریقہ ہے، اس میں سنگین خامیاں پائی گئی تھیں۔ ریزرو بینک نے یہ بھی جانکاری دی کہ بینک کے ذریعہ دو سال میں اپنے کمپیوٹر سسٹم، سافٹ ویئر اپگریڈیشن یا اس کے سسٹم تک رسائی سے متعلق دقتوں کا کوئی حل نہیں نکالا اور نہ ہی ڈاٹا سیکورٹی کا مینجمنٹ کیا۔ ایسے میں ریگولیٹری خلاف ورزی کے سبب یہ کارروائی کی گئی ہے۔

## لوک سبھا انتخاب: دوسرے مرحلہ کے لیے انتخابی تشہیر ختم

### 26 اپریل کو راہل گاندھی سمیت کئی لیڈران کی قسمت کا فیصلہ

نئی دہلی: 24/اپریل (ایجنسیز) لوک سبھا انتخاب کے دوسرے مرحلہ میں ملک بھر کی 88 سیٹوں پر 26 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ان سبھی سیٹوں کے لیے انتخابی تشہیر بدھ کی شام ختم ہو گئی۔ دوسرے مرحلہ کی اہم سیٹوں میں کیرالہ کی وائناڈ؛ بہار کی کشن گنج، کٹیہار، بھاگلپور، بانکا؛ چھتیس گڑھ کی راجناندگاؤں، مہاسمند و کانکیر، اور کرناٹک کی میسور و بنگلور و شامل ہیں۔ لوک سبھا انتخاب کے لیے پہلے مرحلے کی ووٹنگ کا عمل 19 اپریل کو انجام پا چکا ہے۔ اب دوسرے مرحلہ میں جو امیدوار اپنی قسمت آزمائی کر رہے ہیں ان میں راہل گاندھی، ارون گوول، ہیما مالنی، ششی تھرور، مرکزی وزیر راجیو چندر شیکھر وغیرہ شامل ہیں۔ کیرالہ کی وائناڈ سیٹ سے سابق کانگریس صدر راہل گاندھی امیدوار ہیں۔ ہیما مالنی اتر پردیش کی متھرا سیٹ سے اور رامائن سیریل میں رام کا کردار نبھانے والے ارون گوول میرٹھ سے بی جے پی امیدوار ہیں۔ مرکزی وزیر راجیو چندر شیکھر ترووننت پورم سے انتخاب لڑ رہے ہیں۔ یہاں ان کا مقابلہ کانگریس لیڈر ششی تھرور سے ہے۔ جموں لوک سبھا سیٹ پر بی جے پی کی طرف سے جگل کشور اور کانگریس کی طرف سے رمن بھلا انتخابی میدان میں ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ دوسرے مرحلہ کی 88 لوک سبھا سیٹوں پر 1206 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ کیرالہ کی سبھی 20 لوک سبھا سیٹوں پر اسی مرحلہ میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس کے علاوہ 26 اپریل کو ہی کرناٹک کی 14 اور راجستھان کی 13 لوک سبھا سیٹوں پر ووٹرس اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ دوسرے مرحلہ میں اتر پردیش کی 8 لوک سبھا سیٹوں گوتم بدھ نگر، غازی آباد، امروہہ، میرٹھ، باغپت، بلند شہر، علی گڑھ اور متھرا میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ دوسرے مرحلہ کی انتخابی تشہیر ختم ہونے کے بعد اب کوئی بھی پارٹی عوامی جلسہ یا ریلی کا انعقاد نہیں کر سکے گی، حالانکہ امیدوار اور ان کے اسٹار پرچارک گھر گھر جا کر ووٹ ضرور مانگ سکیں گے۔

## مودی کی مسلم مخالف تقاریر کی جانچ شروع

### اپوزیشن کے دباؤ پر الیکشن کمیشن حرکت میں آ گیا



نئی دہلی: اپوزیشن کے بڑھتے دباؤ کے بیچ پتہ چلا ہے کہ الیکشن کمیشن' وزیر اعظم نریندر مودی کی راجستھان والی تقریر کے خلاف شکایتوں کی جانچ شروع کر چکا ہے۔ مودی نے اپنی تقریر میں کہا تھا کہ کانگریس برسر اقتدار آنے پر دولت مسلمانوں میں پھر سے بانٹ دے گی۔ کانگریس اور سی پی آئی ایم نے مودی کی اس تقریر کے خلاف الیکشن کمیشن سے کارروائی کرنے کی علیحدہ علیحدہ درخواست کی تھی۔ مودی نے اتوار کے دن اپنی تقریر میں سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ کے اس ریمارک کا حوالہ دیا تھا کہ ملک کے وسائل پر اقلیتی فرقہ کا پہلا حق ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن' وزیر اعظم کے خلاف شکایتوں کی جانچ کر رہا ہے۔ کانگریس نے مودی کے خلاف کارروائی کرنے کی درخواست کرتے ہوئے الیکشن کمیشن سے کہا تھا کہ مودی کے ریمارکس تفرقہ پسند اور شر انگیز ہیں اور ان میں ایک مخصوص فرقہ کو نشانہ بنایا گیا۔ سی پی آئی ایم جنرل سکریٹری سیتارام یچوری نے ایکس پر پوسٹ میں الیکشن کمیشن سے کہا تھا کہ وہ شکایت کا نوٹ لے اور مودی اور بی جے پی کے خلاف کارروائی شروع کرے۔ انہوں نے ایف آئی آر درج کرنے کا بھی مطالبہ کیا تھا۔ کانگریس قائد اور سینئر وکیل ابھیشیک منوسنگھوی نے کہا کہ یہ الیکشن کمیشن کی بھی آزمائش ہے۔

## بی آر ایس لیڈر کے۔کویتا کی ضمانت پر سماعت مکمل

### 6 مئی کو فیصلہ آئے گا

نئی دہلی: 24/اپریل (ایجنسیز) دہلی آبکاری پالیسی سے متعلق منی لانڈرنگ کیس میں بی آر ایس لیڈر کے۔کویتا کی دائر کردہ ضمانت کی درخواست پر عدالت نے سماعت مکمل کرتے ہوئے فیصلہ محفوظ رکھ لیا ہے۔ کے۔کویتا کی اس درخواست ضمانت پر دہلی کے راؤز ایونیو کورٹ میں سماعت ہوئی۔ عدالت اب اس پر 6 مئی کو اپنا فیصلہ سنائے گی۔



واضح رہے کہ کے۔کویتا کو دہلی آبکاری پالیسی سے متعلق منی لانڈرنگ معاملے میں ای ڈی نے 15 مارچ کو گرفتار کیا تھا۔ کے۔کویتا کی درخواست ضمانت پر سماعت کے دوران ای ڈی نے عدالت کو بتایا کہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس میں بڑے پیمانے پر شواہد ضائع ہوئے ہیں۔ ہم حوالہ کے لین دین وغیرہ کے ذریعے 'اِنڈ ٹو اِنڈ' منی ٹریل کا پتہ لگانے میں کامیاب ہیں۔ ہم عدالت کو یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ انہوں (کے۔کویتا) نے شواہد مٹائے ہیں۔ اسی کے ساتھ ای ڈی نے عدالت سے یہ بھی کہا کہ ان کی گھریلو ملازمہ ان کا موبائل فون استعمال کر رہی تھی لیکن ان کے پاس اس سوال کا کوئی جواب نہیں کہ جب ان سے فون پیش کرنے کے لیے کہا گیا تو انہوں نے ڈاٹا ڈیلیٹ کیوں کر دیا۔ یہ ایک ایسا کیس ہے جہاں شواہد مٹائے گیے اور گواہوں کو متاثر کیا گیا۔ ای ڈی نے عدالت کے روبرو یہ بھی کہا کہ ارون پلئی نے اپنا بیان اسی وقت واپس لے لیا تھا جب انہیں کے۔کویتا کا سامنا کرنا تھا اور یہ کوئی اتفاق نہیں تھا۔ ای ڈی کا دعویٰ ہے کہ کے۔کویتا شراب کے تاجروں کی 'ساؤتھ گروپ' لابی سے وابستہ تھیں۔ دہلی حکومت کی 2021-22 کی ایکسائز پالیسی میں ساؤتھ گروپ کا بڑا اور اہم کردار تھا۔ الزام ہے کہ آبکاری گھوٹالہ کے ملزم وجے نائر نے مبینہ طور پر 'ساؤتھ گروپ' سے کم از کم 100 کروڑ روپے کی رشوت لی تھی۔ ساؤتھ گروپ نے انہیں یہ رشوت عام آدمی پارٹی کے لیڈروں کو دینے کے لیے دی تھی۔ ای ڈی نے حیدرآباد کے تاجر ارون رام چندرن پلئی کو گرفتار کیا ہے جنہیں کے۔کویتا کا قریبی سمجھا جاتا ہے۔ تفتیش کے دوران ای ڈی نے ارون پلئی اور کویتا کو بھی آمنے سامنے بٹھایا تھا۔ اس ضمن میں کے۔کویتا نے دعویٰ کیا تھا کہ انہوں نے کچھ غلط نہیں کیا۔ انہوں نے الزام لگایا تھا کہ مرکزی حکومت ای ڈی کا استعمال کر رہی ہے کیونکہ بی جے پی تلنگانہ میں 'بیک ڈور انٹری' نہیں کر سکتی۔ عدالت میں ای ڈی کی جانب سے پیش کردہ دلائل پر کے۔کویتا کے وکیل نے انہیں تحریری طور پر طلب کیا۔ عدالت نے کے۔کویتا اور ای ڈی کے دلائل سننے کے بعد اپنا فیصلہ محفوظ رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے فیصلہ 6 مئی کو سنانے کے لیے کہا ہے۔

## منیش سسودیا کو عدالت سے جھٹکا، عدالتی حراست میں 7 مئی تک توسیع، سی بی آئی سے جواب طلب

دہلی: 24/اپریل (ایجنسیز) راؤس ایونیو کورٹ نے دہلی شراب پالیسی سے متعلق سی بی آئی کیس میں الزامات طے نہ کرنے کی درخواست پر مرکزی تفتیشی ایجنسی سے جواب طلب کیا ہے۔ عدالت نے اس معاملے میں منیش سسودیا کی عدالتی تحویل میں 7 مئی تک توسیع کر دی ہے۔ اب اس کیس کی اگلی سماعت 7 مئی کو ہوگی۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ کیس کی سماعت کے دوران آئی او نے کہا تھا کہ تین سے چار ماہ میں تفتیش مکمل کر لی جائے گی لیکن ابھی تک کیس کی تفتیش جاری ہے۔ اس نے مزید کہا کہ عدالتی حکم کے بعد کیس میں گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں اور 164 کا بیان بھی قلمبند کیا گیا۔ ایسے میں کیس میں الزامات طے کرنے پر سماعت ابھی شروع نہیں ہونی چاہیے۔ اس سے قبل کی سماعت پر راؤز ایونیو کورٹ نے دہلی شراب گھوٹالہ معاملے میں سسودیا کی درخواست ضمانت پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا تھا۔ راؤز ایونیو کورٹ میں جج کاویری باویجا کے سامنے سماعت کے دوران سی بی آئی نے کہا تھا کہ سسودیا اس بدعنوانی کے سرغنہ ہیں، اس لیے انہیں ضمانت نہیں دی جانی چاہیے۔ سی بی آئی نے کہا کہ اگر سسودیا کو ضمانت مل جاتی ہے تو وہ دباؤ کے ذریعہ ثبوتوں اور گواہوں کو متاثر کرنے کے لئے اپنا اثر و رسوخ استعمال کر سکتے ہیں۔ عدالت میں سماعت کے دوران منیش سسودیا کے وکلا پر جج کی ناراضگی کا بھی واقعہ بھی سامنے آیا۔ اپنی دلیل پیش کرنے کے بعد وکلا حضرات کمرہ عدالت سے باہر چلے گئے، جس پر سماعت کر رہے جج نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ جج نے کہا کہ ہم نے اس طرح کا رویہ پہلی بار دیکھا ہے کہ آپ اپنے دلائل پیش کرنے کے بعد کمرہ عدالت سے باہر چلے گئے۔ یہ کیسا طرز عمل ہے؟ جج کی ناراضگی پر وکلا نے عدالت سے معذرت طلب کی۔



